'समानो मन्त्रः समितिः समानी'

UNIVERSITY OF NORTH BENGAL

B.A. Honours 3rd Semester Examination, 2021

CC7-URDU (307)

Time Allotted: 2 Hours | Full Marks: 60

The figures in the margin indicate full marks.

.1 درج ذیل سوالوں میں سے کسی چار (4) کے جواب رقم کیجئے:۔ 3×4 = 12

(a) پہلا درویش کی پیدایش کہاں ہوئی تھی اور ان کے والد کا نام کیا تھا؟

(b) " چہار درویش" کا ترجمہ میر امن دہلوی سے پہلے کس نے کیا تھا؟

(c) فورٹ ولیم کالج میں ترجمہ کی گئی کسی تین داستانوں کا نام بتایئے.

(d) " فوق الفطری عناصر" داستان کا اہم حصّہ ہے اس کا مفہوم دو جملوں میں بتائیں.

(e) کس کے ذریعہ " میر امن دہلوی" کی رسائی فورٹ ولیم کالج میں ہوئی؟

(f) مرزا رجب علی بیگ سرور کی ولادت وفات کب اور کہاں ہوئی تھی؟

.2 درج ذیل سوالوں میں کسی چار (4) کے جواب دیجئے:۔ 6×4 = 24

(الف) میر امن دہلوی کی کتاب " باغ وبہار" کا ناقدانہ جائزہ لیں.

(ب) داستان کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے.

(ج) اردو داستان کے زوال کے اسباب بیان کیجئے.

(د) " سیر پہلے درویش" کا خلاصہ اپنی زبان میں لکھیں.

(ق) درج ذیل اقتباس کا مفہوم مع سیاق وسباق قلمبند کریں:۔

" سوداگر نماز صبح پڑھ، ہاتھی پر سوار ہو کر، کمر میں پیش قبض رکھ، گود میں بندر کو بٹھا، مرنے پر کمر مضبوط باندھ کر محبور چلا،۔ بندر سے کہا پریشان نہ ہو، جب تقریر سے اور اصراف کثیر سے کام نہ نکلے گا، جو بن پڑے گا وہ کروں گا۔ اپنے جیتے جی تجھے مرنے نہ دوں گا۔ قول مرد ای جاں دارد۔ مصرع: بعد از سر من کن فیکون شد، شدہ باشد۔ سوداگر کا سرا سیمہ آگے بڑھنا تھا کہ خلقت نے چار طرف سے گھیر لیا"۔

(م) درج اقتباس کا مفہوم مع سیاق وسباق قلمبند کریں:۔

" عجب طرح کا غم ہوا، جس کا بیان نہیں کر سکتا۔ ایک بارگی یتیم ہو گیا۔ کوئی سر پر بوڑھا نہ رہا۔ اس مصیبت نگہانی سے رات دن رویا کرتا، کھانا پینا سب چھوٹ گیا۔ چالیس دن جوں توں کر کٹے، چہلم میں پانے بیگانے چھوٹے بڑے جمع ہوئے۔ جب فاتحہ سے فراغت ہوئی، سب نے فقیر کر باپ کی پگڑی بندھوائی اور سمجھایا.......... پس صبر کرو"۔

3. درج ذیل سوالوں میں کسی دو (۲) کے جواب مفصل دیجئے:۔ 12×2 = 24

(i) داستان کا فن اور اردو داستان کے آغاز وارتقاء کا جائزہ لیں.

(ii) مرزا رجب علی بیگ سرور کو بحیثیت نثر نگار پیش کیجئے.

(iii) فورٹ ولیم کالج کی داستانوں کا اجمالی جائزہ رقم کیجئے.

(iv) میر امن دہلوی کا مقام اردو داستان نگاروں یا نثر نگاروں میں متعیّن کیجئے:۔

——×——